يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

تنویر الایمان

بوسیلۃ اولیاء الرحمٰن

تصنیف

علامہ ابو الحسان حکیم محمد رمضان علی قادری قریشی

فاضل جامعہ رضویہ مظہر الاسلام فیصل آباد
خطیب جامع مسجد غوثیہ، سنجھورو (سندھ)

مکمل ۲ حصے

ناشر

شرکۃ قادریۃ

سنجھورو ○ سندھ (پاکستان)

یٰاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ (پ ع)

تنویر الایمان

بوسیلہ اولیاء الرحمان

حصہ اوّل

مشتمل بر تحقیق مسئلہ توسّل ونداء واستغاثہ واستمداد بحضور نورِ رب العالمین، سید الاوّلین والآخرین، شفیع المذنبین، رحمۃ اللعالمین، حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ واولیاء اُمّتہٖ واُمّتہٖ وسلم اجمعین۔

مُصنّفہ

مولانا ابوالحسان حکیم محمد رمضان علی قادری قریشی فاضل جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد

خطیب جامع مسجد غوثیہ ۔ سنجھورو ۔ (سندھ)

ناشر:- شرکۃ قادریہ سنجھورو (سندھ)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم دور دراز سے مدد فرماتے ہیں ۵۴

نام کتاب ـــــــ تنویر الایمان (حصّہ اوّل)

مصنّف ـــــــ ابُو الحسّان قادری

ناشر ـــــــ شرکتہ قادریہ۔ سنجھورو۔ سندھ

صفحات ـــــــ

تعداد ـــــــ ایک ہزار (۱۰۰۰)

طبع ـــــــ دوم

تاریخ اشاعت ـــــــ

مطبع ـــــــ منہاج القرآن پرنٹرز لاہور

کتابت ـــــــ عبدالرحمن۔ کاموں کے

قیمت ـــــــ ۶۰/- روپے

باہتمام قاری فیاض الحسن جمیل

کے فیوض و برکات سے بہت سی مخلوق ہر زمانہ میں بہرہ ور ہے۔ یہ بزرگانِ دین بارگاہِ رسالت میں نداء غائبانہ سے عرض معروض کرتے اور دین و دنیاوی امور میں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام سے توسّل و استمداد کرتے ہیں کہ عین حق و صواب ہے۔

مگر آخر زمانہ کے گستاخ علماء سوء جو خود قرآن و حدیث کی تعلیم سے بے بہرہ اور حلاوت و حقیقت ایمان سے محروم ہیں۔ نہایت بے خوفی کے ساتھ ایسے فتاویٰ باطلہ صادر کرتے ہیں جو ان بزرگانِ دین کو ہی اسلام سے خارج اور مشرک ٹھہراتے ہیں۔

نعوذ باللہ من ذالک نیز ملاحظہ فرمائیے

عارف باللہ مولانا رُوم قدّسنا اللہ باسرارہٖ کا

رُوح پرور عقیدہ

بے فروغت روز روشن ہم شب است
بے پناہت شیر اسیر ارنب است!
خضرِ وقتی غوث ہر کشتی توئی!
ہمچوں رُوح اللہ مکن تنہا روی

(مثنوی شریف)

یارسول اللہ (صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) آپ کا نور ضیاء پاش نہ ہو تو روز روشن بھی اندھیری رات ہو جائے اگر آپ کی پناہ نہ ہو تو شیر کو خرگوش قید کر لے۔ آپ ہی رہنمائے زمانہ ہیں اور ہر کشتی کے ناخدا و مددگار آپ ہی ہیں